2020

عزیز CPS فیمیلیز،
شکاگو پبلک اسکولز (CPS) ہر تدریسی ماحول کو اس قدر مضبوط بنانا چاہتا ہے جتنا کہ ممکن ہو سکے۔ آپ کی آراء اس کو ممکن بنانے کے ضمن میں اہمیت رکھتی ہیں، لہٰذا مجھے امید ہے کہ آپ ورچوئل کمیونٹی ورکشاپس میں سے کسی ایک میں شامل ہونے پر غور کریں گے جو کہ اس موسم گرما میں ہونے جا رہی ہیں۔

آپ کے پاس یہ موقع ہے کہ آپ فیڈبیک دیں جو کہ ہمیں ہمسایہ اسکولوں کو مضبوط بنانا جاری رکھنے میں مدد فراہم کرے گا۔ ہماری مواصلت کو اس معلومات کے ذریعے رہنمائی میسر ہو گی جو کہ حالیہ ترین سالانہ علاقائی تجزیے (Annual Regional Analysis, ARA) میں پیش کی گئی ہیں، جو کہ ہمارے شہر کے اندر اسکولوں میں اندراج کے طریقہ کاروں اور پیشکش کردہ پروگرام کے بارے میں معلومات دیتی ہیں۔ آپ ara.cps.edu پر آٹھ مختلف زبانوں میں تازہ ترین ARA معلومات تک رسائی پا سکتے ہیں۔

ذیل میں دیے گئے لنکس کو استعمال کر کے آپ ورکشاپ میں شامل ہونے کے بارے میں اپنے فیصلے کی توثیق کر سکتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس انتہائی اہم مواصلت میں اپنی آواز اٹھانے پر سنجیدگی سے غور کریں گے۔ آپ ہمارے اہم ترین ساتھی ہیں، اور ہمیں شکاگو کی ہر کمیونٹی کے ہر بچے کے لئے اعلیٰ معیار کی تعلیم کے اپنے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کی جدوجہد میں آپ کی مدد درکار ہے۔

- جنوبی ARA کمیونٹی اجلاس: منگل، 30 جون شام 5–6:30 تک۔ یہاں رجسٹر کروائیں۔
- جنوب مغربی ARA کمیونٹی اجلاس: بدھ، 1 جولائی شام 5–6:30 تک۔ یہاں رجسٹر کروائیں۔
- مرکزی ARA کمیونٹی اجلاس: بدھ، 8 جولائی شام 5–6:30 تک۔ یہاں رجسٹر کروائیں۔
- شمالی ARA کمیونٹی اجلاس: جمعرات، 9 جولائی شام 5–6:30 تک۔ یہاں رجسٹر کروائیں۔

**چلڈرن فرسٹ فنڈ (Children First Fund, CFF) نے $150K کا فنڈ قائم کیا تاکہ 2020 کی جماعت کے کالج کی جانب بڑھنے کے عمل کو معاونت دی جائے۔**
ہمارے سینیئرز گریجویٹ کر چکے ہیں اور ان کی خاطر جو کالج جانے والے ہیں، ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ان کی راہ میں کوئی مالی مشکلات نہ آئیں۔ بعض اوقات ٹیکسٹ بکس کی فیسوں یا کیمپس تک بس کے ٹکسٹس کو ہمارے طلباء کو کالج آنے کے خواب کو حقیقت میں بدلنے سے نہیں روکنا چاہیئے، جس کے سبب CFF ڈونرز، بشمول بنیادی فنڈرز PepsiCo اور Fifth-Third Bank، مدد کی غرض سے آگے آ رہے ہیں۔

نجی اور خیراتی کمیونٹی کی فیاضی کا شکریہ کہ جس کے سبب، CFF نے گریجویٹنگ سینیئر سمر میلٹ پریوینشن فنڈ (*Graduating Senior Summer Melt Prevention Fund*) قائم کیا۔ ان کے صلاح کاران کے ذریعے، طلباء اپنے اخراجات جیسا کہ کتابوں، کالج کی رجسٹریشن کی فیسیں، اور سفری اخراجات کی خاطر $1,000 تک کی چھوٹی گرانٹس کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ صاحب استطاعت ہیں، تو براہ کرم اس مشکل وقت ہمدردانہ فنڈ(Compassion Fund) میں، جو کہ ہمارا بحران سے چھٹکارے کا فنڈ ہے حصہ ڈال کر فیمیلیز کو معاونت دینے میں ہماری مدد کرنے پر غور کریں۔

**پارکوں کے حوالے سے ضلعی ہدایت کی تعمیل میں CPS پلے گراونڈز بند رہیں گے**
جیسا کہ شکاگو انتباہ کے ساتھ شہر کے مختلف حصوں کو دوبارہ سے کھولنے کا آغاز کر رہا ہے، تو ہم اس امر پر زور دینا چاہتے ہیں کہ پارکوں کے حوالے سے ضلعی ہدایت کی تعمیل میں تمام CPS پلے گراونڈز بند رہیں گے۔

ہم اس دن کے منتظر ہیں کہ جب ہماری کمیونیٹیز ایک بار پھر سے ہمارے پلے گراؤنڈز کا استعمال کر سکیں، تاہم یہ اجتماعی جگہیں COVID-19 کے پھیلنے کا خطرہ لاحق کرتی ہیں اور یہ انتہائی اہم ہے کہ ہم خود کو اور اپنی کمیونیٹیز کو صحت مند رکھنے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں۔

خیرخواہ،

جینس کے جیکسن(Janice K. Jackson)، Ed.D
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز